ذاتی جائزہ:13

نمبر شمار	رشتہ داروں سے حسن سلوک کیجیے	ہاں	نہیں
1	میں اپنے والدین، رشتہ داروں، دوستوں، پڑوسیوں اور تمام انسانوں کی دنیاوآخرت میں بھلائی چاہتا / چاہتی ہوں؟		
2	میں اپنے والدین، رشتہ داروں، دوستوں، پڑوسیوں سب کے حقوق ادا کرنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
3	میرا اپنے گھر والوں کے ساتھ معاملہ بہت اچھا ہوتا ہے؟		
4	میں والدین کے نسبی رشتہ داروں اور سسرالی رشتہ داروں سب کے ساتھ محبت اور احسان کا معاملہ کرتا / کرتی ہوں؟		
5	میں اپنے والدین کے دوستوں کے ساتھ بھی حسن سلوک کرتا / کرتی ہوں؟		
6	میں صبر سے کام لیتے ہوئے رشتوں کو نبھانے اور رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
7	میں تمام رشتہ داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کرتا / کرتی ہوں چاہے وہ میرے ساتھ اچھا سلوک کریں یا نہ کریں؟		
8	اگر کوئی رشتہ دار میرے ساتھ تعلق نہ بھی رکھنا چاہے تب بھی میں اپنے اس رشتہ دار کے ساتھ تعلق قائم رکھنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
9	میں صلہ رحمی کے لیے رشتہ داروں کے حالات کی خبر گیری اور سلام ودعا کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
10	جب کوئی رشتہ دار میرے گھر آئے تو میں اس کی مہمان نوازی کرتا / کرتی ہوں؟		
11	میں اللہ کی خاطر صلہ رحمی کی غرض سے باری باری تمام رشتہ داروں سے ملاقات کے لیے جاتا / جاتی ہوں؟		
12	میں ضرورت مند رشتہ داروں کو صدقہ اور صاحب حیثیت رشتہ داروں کو تحفہ دیتا رہتا / دیتی رہتی ہوں؟		
13	میں بزرگ رشتہ داروں کے ساتھ عزت اور کمزوروں کے ساتھ شفقت سے پیش آتا؟ آتی ہوں؟		
14	میں ہر ایک کی کامیابیوں پر خوش ہوتا / ہوتی ہوں؟		
15	میں مریض رشتہ داروں کی عیادت کرتا / کرتی ہوں؟ اگر فوت ہو جائیں تو جنازے میں شرکت کرتا / کرتی ہوں؟		
16	میں رشتہ داروں کی خوشی پر ان کو مبارک باد دیتا / دیتی ہوں اور ان کے غم میں ان کی غمگساری کرتا / کرتی ہوں؟		
17	میں گفتگو کے دوران غیبت، چغلی، جھوٹ، لڑائی جھگڑا اور ناحق طرف داری کرنے سے بچنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
18	میں کسی سے تین دن سے زیادہ ناراض نہیں رہتا / رہتی ہوں؟		
19	میں اپنے دل کو دوسروں کے خلاف نفرت، حسد، بغض اور کینہ سے پاک رکھنے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
20	مجھے کسی سے تکلیف پہنچے تو میں عفوو درگزر کا معاملہ کرتا / کرتی ہوں؟		
21	میں دوسروں کی غلطیوں کو نظر انداز کر کے ان سے نرمی سے معاملہ کرتا / کرتی ہوں؟		
22	میں شتہ داروں کو دین کی طرف دعوت دیتا / دیتی ہوں اور امر بلمعروف ونہی عن المنکر کرتا / کرتی ہوں؟		
23	میں صلہ رحمی کرنے کے بعد رشتہ داروں سے بدلے میں تعریف، شکریہ، تحائف کی فرمائش یا خواہش نہیں کرتا / کرتی ہوں؟		
24	میں خاندان میں ناراض رشتہ داروں کے درمیان صلح کرانے کی کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
25	میں باہم محبت پیدا کرنے اور باہمی معاملات کی اصلاح کی دعا کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
26	میں اپنے رشتہ داروں کے بچوں کے ساتھ محبت، نرمی اور شفقت کا برتاؤ کرتا / کرتی ہوں؟		
27	میں اپنے پڑوسی رشتہ داروں کے ساتھ حسنِ اخلاق سے پیش آتا / آتی ہوں؟		
28	میں رشتہ داروں کی دعوت کو خوشی سے قبول کرتا / کرتی ہوں؟		

باہم محبت پیدا کرنے اور باہمی معاملات میں اصلاح کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَلِّفۡ بَیۡنَ قُلُوۡبِنَا وَاَصۡلِحۡ ذَاتَ بَیۡنِنَا وَاھۡدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ... [المستدرك على الصحيحين للحاكم، ج:1، 1016]

اے اللہ! ہمارے دلوں میں الفت ڈال دے اور ہماری باہم اصلاح فرما دے اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھا...

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION